آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ
اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 24 ربیع الثانی 1448 بدھ 07 اکتوبر 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 178

پانی کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں کرنا چاہئے
صدر زرداری

صدر مملکت نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کو عالمی امن، ترقی اور اقوام متحدہ کی قیادت کیلئے خدمات کے اعتراف میں ملک کے اعلیٰ ترین سول اعزاز نشان امتیاز سے نوازدیا

مسئلہ فلسطین کا حل دو ریاستی حل اور متعلقہ اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد میں ہے، صدر کا فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کیلئے پاکستان کی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کو عالمی امن، ترقی اور اقوام متحدہ کی قیادت کے لیے ان کی خدمات کے اعتراف میں ملک کے اعلیٰ ترین سول اعزاز نشان امتیاز سے نوازدیا، اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس منگل کی صبح اسلام آباد پہنچے اور مختلف شخصیات سے ملاقاتیں کیں۔ ایوان صدر میں منعقدہ ہوئی، وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، وزیراعلیٰ سندھ
فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر مراد علی شاہ کا سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے خیبرپختونخوا اور شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

سابق وزیراعظم عمران خان کے کزن
قاسم زمان 30 دن کیلئے نظر بند

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

بانی سے نہ ملے تو وزیراعظم سے بھی نہیں ملیں گے، اچکزئی
مذاکرات میں پہلی شرط عمران خان سے ملاقات ہونی چاہیے، مشاورت جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کی جانب سے ایک بار پھر مذاکرات کی پیشکش پر محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن کو مثبت جواب دینے کی ہدایت جاری...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سرمائی توانائی کی منصوبہ بندی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک ادارے اور عوام کے پیسے پر چلتے ہیں تو آج بھی عوام کا چلنا ہوگا
وزیراعلیٰ KPK

جب سے وزیراعلیٰ بنا تب سے اب تک ہر دروازہ کھٹکھٹایا، جتنے جمہوری، آئینی و قانونی راستے تھے وہ سب اپنائے، بار بار کہتا رہا کہ آپ مجھے بتائیں کہ میرے پاس کون سا راستہ بچتا ہے؟

آپ کی ناکام پالیسی سے دہشت گردی ختم نہیں ہوسکی میں پالیسی دیتا ہوں، 100 دن میں امن قائم ہوسکتا ہے، جب پورا صوبہ اور ملک نکلے گا تو کسی کو سر چھپانے کی جگہ نہیں ملے گی، سہیل آفریدی

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ مطالبات کا ڈرافٹ سوشل میڈیا پر جاری کردیا ہے، اگر ایک بھی نکتہ غیر آئینی ہوا تو لانگ مارچ منسوخ کردوں گا۔ کوہاٹ سے روانگی پر یونیورسٹی چوک میں لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ کوہاٹ کے غیرت مند لوگوں کا مشکور ہوں اور جوش و جذبے کو سلام پیش کرتا ہوں، یہ وہ جذبہ اور حب الوطنی ہے جو ہمیشہ ٹارگٹ کی جاتی ہے، میرے جوانوں آپ کا وزیراعلیٰ کسی سے نہیں ڈرتا اور میرے...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

کراچی پورے پاکستان کا معاشی مرکز ہے
شرجیل میمن

کراچی کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری ملک کی معاشی ترقی میں سرمایہ کاری ہے، سینئر وزیر اور صوبائی وزیر اطلاعات

پورٹ قاسم تا ایم نائن لنک روڈ، ریڈ لائن، ییلو لائن اور کراچی پورٹ تا قیوم آباد کوریڈور سمیت اہم منصوبوں پر کام جاری ہے، جاری بیان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ حکومت سندھ کراچی کی ترقی کیلئے جامع منصوبہ بندی کے تحت کام کر رہی ہے...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



صدر مملکت آصف علی زرداری سے یونائیٹڈ نیشن کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس ملاقات کر رہے ہیں

یومیہ حلوتی اخراجات 6.75 ارب تک پہنچ گئے
سالانہ آمدن میں 92 فیصد کی

پہلی ششماہی میں ریاستی ملکیتی اداروں سے حاصل سالانہ بنیادوں پر 92 فیصد کی ریکارڈ، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں یہ آمدن 427 ارب روپے تھی

آمدن کم ہو کر صرف 35 ارب 80 کروڑ روپے رہ گئی، حکومتی قرضے اور مالیاتی خطرات 17 ہزار ارب روپے سے تجاوز کر چکے ہیں، جاری کردہ مالیاتی رپورٹ میں انکشاف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ریاستی ملکیتی اداروں (ایس او ایز) کی کارکردگی اور مالیاتی صورتحال سے متعلق رپورٹ میں حکومتی آمدن اور اخراجات کے حوالے سے اہم انکشافات سامنے آئے ہیں...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

لانگ مارچ میں رکاوٹ نہ ڈالی جائیں
فضل الرحمان
حکومت نے مذاکرات کی کوئی گنجائش نہیں چھوڑی

اے پی سی کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کے پاس جا رہے ہیں، ناصر عباس اہم جوائنٹ اے پی سی ہم منعقد کریں گے اس میں پوری قوم کی آواز لے کر آگے چلیں گے، سلمان راجا

ملک میں مہنگائی، خطے میں امن و امان، کشمیر کا ایشو اور سیاسی قیدیوں کی رہائی کے حوالے سے بات ہوسکتی ہے جو جنگ ہم لڑ رہے ہیں وہ حقیقی آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی، دونوں نے تحریک انصاف کے احتجاج کے معاملے پر آل پارٹیز کانفرنس...

فتح-4 توسیعی ورژن کروز میزائل کا کامیاب تجربہ

فتح-4 توسیعی ورژن جدید ایویونکس اور جدید ترین نیوی گیشن سسٹم سے لیس ہے، جو طویل فاصلے تک اہداف کو انتہائی درستی اور مؤثر انداز میں نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے

تجربے کے دوران میزائل کے مختلف ذیلی نظاموں کے اضافی تکنیکی پیرامیٹرز کی بھی توثیق کی گئی جس کا مقصد درستی میں بہتری اور نظام کی بقا کی صلاحیت کو مزید مؤثر بنانا ہے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان نے مقامی طور پر تیار کردہ فتح-4 گراؤنڈ لانچڈ کروز میزائل کے توسیعی ورژن کا کامیاب تجربہ کرلیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فتح-4 توسیعی ورژن جدید ایویونکس اور جدید ترین نیوی گیشن سسٹم سے لیس ہے...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

شہریوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے
آئی جی سندھ

آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی کراچی میں اسٹریٹ کرائم اور بھتہ خوری کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنانے کی ہدایت

مفرور اور عادی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھی بھرپور کارروائیاں کی جائیں، سینٹرل پولیس آفس میں اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی زیر صدارت سینٹرل پولیس آفس میں اجلاس ہوا...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31



ڈپٹی وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے UK کے وزیر برائے دولت مشترکہ ملاقات کر رہے ہیں

مضبوط کسان مضبوط معیشت کی ضمانت ہے
گورنر سندھ

جدید زرعی مشینری اور آسان مالی سہولتیں کسانوں کو بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کریں گی، نہال ہاشمی

یو بی ایل اور یوائے ٹی سی کی شراکت داری کسانوں اور دیہی معیشت کے روشن مستقبل کیلئے اہم قدم ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ زراعت پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، کسان مضبوط ہوں گے تو پاکستان کی معیشت مضبوط ہوگی...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

منی لانڈرنگ کیس میں دہشت گردی کی دفعہ ختم

پکڑے گئے ملزمان کے خلاف دہشت گردی میں معاونت کا کوئی ثبوت نہیں ملا، وکیل

بیرون ملک سے 1.585 ارب روپے منتقل ہوئے، سرکاری وکیل کے دلائل

بے نامی اکاؤنٹس کی 110.2 ملین روپے کے فکس ڈپازٹس موجود ہیں، عدالت کو بریفنگ

کراچی (کورٹ رپورٹر) انسداد دہشتگردی کی عدالت نے...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

خواجہ اجمیر نگری سیکٹر 4 میں پولیس
نے مبینہ مقابلے کے بعد زخمی
سمیت 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا

کراچی (کرائم رپورٹر) خواجہ اجمیر نگری کے علاقے سیکٹر 4 میں پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد زخمی سمیت 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق سیکٹر 4 میں مبینہ مقابلے کے دوران 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا... زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا۔ ملزم کو مزید تفتیش کے لیے تھانے منتقل کردیا گیا۔

سندھ میں صنعتی زونز کا منفرد امتزاج ہے، اویس قادر شاہ
اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ سے ملائیشین قونصل جنرل کی ملاقات

پارلیمانی روابط، تجارت، سرمایہ کاری اور سیاحت کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملائیشیا کے قونصل جنرل کراچی محمد یونس بن ابراہیم نے اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ سے سندھ اسمبلی میں ان کے دفتر میں...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

سندھ ہائیکورٹ، بھائی کے قتل
کے ملزم نور احمد کی اپیل منظور
سزائے موت عمر قید میں تبدیل

کراچی (کورٹ رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے ساحل میں بھائی کو قتل کرنے کے مقدمے میں ملزم نور احمد کی سزائے موت کے خلاف اپیل منظور کرتے ہوئے سزا کو عمر قید میں تبدیل کردیا...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

ڈی آئی جی ٹریفک کراچی کی اویس پراچہ کو تعریفی سند

پیر محمد شاہ کا شہری سہولیات اور تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے کاوشوں کا اعتراف کیا

ٹریفک نظام کی بہتری اور صدر کی ترقی و خوبصورتی کیلئے اپنا کردار جاری رکھیں گے

یہ حوصلہ افزائی ذمہ داری اور جذبے کے ساتھ کام کرنے کی ترغیب دیتی ہے، اویس پراچہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک کراچی سید پیر محمد شاہ نے صدر کے تجارتی علاقوں میں ٹریفک نظام کی بہتری، شہری سہولیات اور تاجر برادری...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

کراچی میں بین الصوبائی منشیات مافیا کے خلاف کارروائی

81 کلوگرام منشیات برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا، آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی ستائش

کراچی (کرائم رپورٹر) سندھ پولیس کی جانب سے منشیات کے خلاف مؤثر کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ کراچی کے ضلع شرقی پولیس نے بین الصوبائی منشیات مافیا کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 81 کلو گرام منشیات برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا۔ آئی جی...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37



وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار سے ٹرانسپورٹر ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق نوجوان کے قتل کا شبہ

احسن آباد کے علاقے میں پولیس افسر کی اہلیہ کی پھندا لگی لاش برآمد، لیاری میں تیز دھار آلے کے وار سے زخمی شخص اسپتال میں دوران علاج دم توڑ گیا

نیو کراچی میں 21 سالہ باربر کی گلا کٹی لاش ملی، شائستہ ماضی میں نشے کی عادی بھی رہی تھی اور کچھ عرصہ قبل گھر سے چلی گئی تھی، سب انسپکٹر کا بیان

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ احسن آباد میں پولیس افسر کی اہلیہ کی پھندا لگی لاش گھر سے برآمد ہوئی۔ نیو کراچی میں نوجوان باربر کی گلا کٹی لاش ملی... لیاری میں تیز دھار آلے کے وار سے زخمی شخص دوران علاج دم توڑ گیا...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38



کراچی، لیاری میں گیس کی لوڈشیڈنگ کی وجہ سے شہری ایل پی جی گیس خریدنے کیلئے لائن میں کھڑے ہیں

ڈاکوؤں کی دیدہ دلیری، ڈیفنس خیابان اتحاد میں سرعام لوٹ مار

7 مسلح ملزمان نے 2 نوجوانوں کو اسلحے کے زور پر لوٹ لیا، واردات کی ویڈیو وائرل

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈیفنس کے علاقے خیابان اتحاد میں 4 موٹر سائیکلوں پر سوار 7 مسلح ملزمان نے سرعام 2 نوجوانوں کو لوٹ لیا، واردات کی ویڈیو...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

میر رضا کیس، ریکی اور کرپٹو ٹریڈنگ سے متعلق اہم انکشافات

29 جولائی کی شب مسجد خضراء کے قریب دو مشکوک گاڑیاں دیکھنے کی تصدیق کرلی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میر رضا کیس کی تحقیقات کیلئے قائم جوائنٹ انویسٹی گیشن کمیشن کی کارروائی کے دوران مشکوک گاڑیوں، سیونگ، ریکی، سی سی ٹی وی فوٹیج اور کرپٹو ٹریڈنگ سے متعلق اہم معلومات سامنے آگئیں۔ گواہ محمد ریاض نے بیان دیا کہ اس نے 29...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43

منکی پاکس کا ایک اور مشتبہ کیس، حالت تشویشناک

منکی پاکس کی تشخیص کے لیے مریض کے پی سی آر ٹیسٹ کے نمونے لے لیے گئے

سندھ میں رواں سال منکی پاکس کے 43 تصدیق شدہ کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ میں منکی پاکس کا ایک اور مشتبہ کیس رپورٹ ہوا ہے۔ نوابشاہ کے 50 سالہ مریض کو تشویشناک حالت میں سندھ انفیکشس ڈیزیز اسپتال منتقل کردیا گیا، اسپتال انتظامیہ کے مطابق مریض کے ہاتھ اور پاؤں پر دانوں کے نشانات موجود ہیں۔

مومن آباد میں گٹکا ماوا فروش گرفتار
8 کلو سے زائد گٹکا برآمد کرلیا گیا

کراچی (کرائم رپورٹر) تھانہ مومن آباد پولیس نے گٹکا ماوا فروشی میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے 8 کلو سے زائد گٹکا ماوا برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق مومن آباد پولیس نے فرید کالونی میں کارروائی کرتے ہوئے ملزم موسیٰ ولد امان اللہ کو گرفتار کیا۔

حساس ادارے کا اہلکار پراسرار طور پر جاں بحق

فلیٹ سے 9 ایم ایم پستول کے 3 خول ملے، سینے پر 2 گولیوں کے نشانات

اہلیہ نے خودکشی کا بتایا، پولیس نے پوچھ گچھ کیلئے حراست میں لے لیا، ذرائع

کراچی (کرائم رپورٹر) گلستان جوہر بلاک 19 میں رہائشی عمارت پاک ایونیو کے ایک فلیٹ میں فائرنگ کے پراسرار واقعے میں قانون نافذ کرنے والے ادارے کا 35 سالہ اہلکار جاں بحق ہوگیا۔ شارع فیصل تھانے کے ہیڈ محرر راحیل کے مطابق جاں بحق...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

اورنگی ٹاؤن سیکٹر 12 میں پولیس
مقابلہ، زخمی ملزم گرفتار، ساتھی فرار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تھانہ اورنگی کی حدود سیکٹر 12 میں رات گئے پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان مقابلے میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا جبکہ اس کا ساتھی موٹر سائیکل پر فرار ہوگیا۔

سرجانی ٹاؤن سے ٹکڑوں میں بوری بند لاش برآمد

مقتول کی عمر 30 سے 40 سال کے درمیان، شناخت نہ ہوسکی

نعش عباسی شہید اسپتال منتقل، پولیس نے تحقیقات شروع کردیں

کراچی (کرائم رپورٹر) سرجانی ٹاؤن میں گوہرام گوٹھ کے قریب بوری سے ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ ٹکڑوں کی صورت میں تھی۔ پولیس کے مطابق مقتول کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی۔



کراچی، آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو سینٹرل پولیس آفس میں امن و امان سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فارم ہاؤس سے 50 سے زائد موبائل فون چوری کیس میں پیشرفت

مرکزی ملزم ساحل سلمان کے 2 سگے بھائیوں کو پوچھ گچھ کیلئے طلب کرلیا گیا ہے، پولیس حکام

کراچی (کرائم رپورٹر) گڈاپ کے فارم ہاؤس میں ملازمت کی شہرت کا فائدہ اٹھا کر 50 سے زائد لڑکیوں کے موبائل فون اور لیپ ٹاپ چوری...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

ضلع شرقی میں 263 ریکور شدہ موبائل فونز شہریوں کے سپرد

ایس ایس پی ایسٹ زبیر نذیر شیخ نے ایک کروڑ سے زائد مالیت کے موبائل فونز حوالے کئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسٹ پولیس نے 1 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے ریکور شدہ موبائل فونز اصل مالکان کے حوالے کردیے۔ ترجمان ایسٹ پولیس...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

اطلاعات ETELAAT DIGITAL
روزنامہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری
ویب سائٹ پر وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on :
fb/Dailyettelaatkarachi
Scan me!



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

کشمیر میں جھوٹا آپریشن، بھارتی بیانیہ ناکام ہوگیا

جنگیں صرف میدانوں میں نہیں لڑی جاتیں، بعض معرکے ایسی خبروں کے پردے میں برپا ہوتے ہیں جن میں گولی کی آواز سنائی نہیں دیتی مگر ان کے اثرات سرحدوں سے بہت دور تک پہنچتے ہیں۔ ایک جھوٹی خبر کبھی کبھی توپ کے گولے سے زیادہ تیزی سے سفر کرتی ہے، کیونکہ اس کا ہدف محض کوئی فوجی چوکی نہیں بلکہ انسانی ذہن، عالمی رائے عامہ اور ریاستوں کے باہمی اعتماد ہوتے ہیں۔ مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوج کی جانب سے ایک ایسے شخص کو دہشت گرد قرار دے کر ہلاک کرنے کا دعویٰ، جو چند ہی لمحوں بعد زندہ سلامت میڈیا کے سامنے موجود تھا، اسی نوعیت کی اطلاعاتی جنگ کی ایک غیر معمولی مثال ہے۔ محمد آصف کا سامنے آ کر اپنی شناخت، سابق فوجی خدمات اور موجودہ زندگی کی تفصیلات بیان کرنا اس واقعے کو محض ایک متضاد سرکاری بیان کا معاملہ نہیں رہنے دیتا بلکہ یہ سوال اٹھاتا ہے کہ کسی ریاستی نظام میں خبر، دعویٰ اور حقیقت کے درمیان فاصلہ اتنا وسیع کیسے ہوسکتا ہے؟ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی پریس بریفنگ میں سامنے آنے والی تفصیلات کے مطابق بھارتی فوج نے 29 ستمبر کی شب مقبوضہ کشمیر میں ایک مشترکہ کارروائی کی اطلاع دی، پھر چند گھنٹوں بعد ایک ہلاک ہونے والے شخص کو محمد آصف الیاس عرف ہاشم موسیٰ قرار دیتے ہوئے اسے پاکستان سے تعلق رکھنے والا لشکر طیبہ کا دہشت گرد بتایا۔ مزید یہ دعویٰ سامنے آیا کہ وہ پاکستانی فوج کے اسپیشل سروسز گروپ کا حوالدار تھا اور اس کے سروس نمبر سمیت شناختی تفصیلات بھی جاری کی گئیں۔ مگر اس پوری کہانی کا سب سے بنیادی دعویٰ ہی اس وقت منہدم ہوگیا جب محمد آصف خود پاکستانی میڈیا کے سامنے بیٹھا تھا۔ اس نے بتایا کہ وہ 2008 میں فوج میں شامل ہوا، 2023 میں ایس ایس جی سے ریٹائر ہوا، بعد ازاں نجی سیکیورٹی کمپنی میں ملازمت اختیار کی اور اس وقت راولپنڈی میں اپنے خاندان کے ساتھ مقیم ہے۔ یہ واقعہ اطلاعاتی جنگ کی ایک بنیادی حقیقت واضح کرتا ہے کہ پروپیگنڈے کی طاقت اس کی شدت میں نہیں بلکہ اس کے بروقت پھیلاؤ میں ہوتی ہے۔ خبر جب پہلی مرتبہ نشر ہوتی ہے تو بہت سے لوگ اسے سچ سمجھ لیتے ہیں، لیکن اس کی تردید بعد میں سامنے آئے تو بھی پہلی اطلاع کے اثرات مکمل طور پر ختم نہیں ہوتے۔ یہی وجہ ہے کہ جدید دور میں ریاستی تنازعات میں میڈیا، سماجی ذرائع ابلاغ، مصنوعی تصاویر، جعلی شناختیں اور گمراہ کن بیانیے بھی جنگی وسائل کی حیثیت اختیار کر چکے ہیں۔ کسی شخص کی شناخت کو تبدیل کر کے اسے دہشت گرد قرار دینا صرف ایک فرد کی کردار کشی نہیں، بلکہ اس شناخت کو ایک بڑے سیاسی بیانیے میں استعمال کرنے کی کوشش بھی ہوسکتی ہے۔ اس معاملے میں ایک اور قابل توجہ پہلو بھارتی فوج اور بھارتی حکومت کے بیانات میں بیان کردہ تضاد ہے۔ ایک طرف کارروائی اور ہلاکت کا دعویٰ سامنے آیا۔

جنگ بندی کے باوجود خطرہ برقرار

مذاکرات اور آبنائے ہرمز فیصلہ کن مرحلے میں

ایران اور امریکا کے درمیان فروری 2026 میں شروع ہونے والی جنگ اب بھی مکمل خاتمے کی طرف نہیں پہنچ سکی۔ حالیہ دنوں میں دونوں ممالک کے درمیان براہ راست بڑے پیمانے کی فوجی کارروائیوں کے بجائے ... جنگ کے اثرات اب صرف ایران اور امریکا تک محدود نہیں رہے بلکہ عالمی معیشت کو بھی متاثر کر رہے ہیں۔ آبنائے ہرمز کے گرد خطرات اور تیل و گیس کی ترسیل میں رکاوٹوں کے باعث خام تیل کی قیمتیں 100 ...



تحریر: تحسین کمال
سینئر صحافی

... اور پاکستان سمیت ثالثی کرنے والے ممالک دونوں فریقوں کے درمیان رابطے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ... میں موجودہ امریکی قوتی طاقت آنے والے دنوں میں اہم فیصلوں کا تعین کریں گے۔ اگر سفارت کاری کامیاب نہ ہوئی تو ایک محدود جنگ دوبارہ وسیع علاقائی بحران میں تبدیل ہوسکتی ہے، جس کے اثرات پاکستان سمیت پوری دنیا کی معیشت، تیل کی قیمتوں اور امن و سلامتی پر پڑ سکتے ہیں۔

ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت، راستہ کہاں سے نکلے گا؟

پاکستان کی معیشت اس وقت استحکام اور ترقی کے درمیان ایک اہم مرحلے سے گزر رہی ہے۔ مالی سال 2025-26 میں حقیقی جی ڈی پی کی شرح نمو 3.7 فیصد رہی، جبکہ معیشت کا حجم تقریباً 452 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ ... ضروری ہے۔ اگر برآمدات چند روایتی شعبوں تک محدود رہیں تو ایک ٹریلین ڈالر کا ہدف مشکل رہے گا۔ صنعتی ترقی کے لیے توانائی کی قیمت اور دستیابی بھی بنیادی مسئلہ ہے۔ ...



تحریر: چوہدری انیس مرچنٹ

... 2035 کا ہدف محض ایک معاشی نعرہ نہیں بلکہ ایک قابل عمل قومی منصوبہ بن سکتا ہے۔

نئے صوبے: عوامی سہولت یا اقتدار کی نئی تقسیم؟

پاکستان میں نئے صوبوں کا مطالبہ ایک بار پھر سیاسی بحث کا اہم موضوع بن گیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی انتظامی اکائیوں کی بات اور ستمبر 2026 میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق واضح موقف نے اس بحث کو نئی شدت دی ہے۔ ... 2025-26 میں لاہور کے لیے تقریباً 85 ارب روپے کا خصوصی ترقیاتی پروگرام رکھا گیا، جبکہ پورے جنوبی پنجاب کے لیے تقریباً 80 ارب روپے مختص کیے گئے۔ ...



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

... وسائل کی تقسیم بھی اس بحث کو تقویت دیتی ہے۔

انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ، زون پانچ وائٹس اور زون دو وائٹس کی کامیابی

محمد ابراہیم کی عمدہ بیٹنگ، برہان قمر، ارحم حسین، محمد ندیم کی جارحانہ بالنگ

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) جیکل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے منعقدہ کے آر سی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام ... انڈر 17 انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ ... زون پانچ نے 146 رنز سے ہرا دیا۔ ... بالنگ کرتے ہوئے 40 رنز دے کر 5 اور عبداللہ سا کریا نے 32 رنز دے کر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ ...

اوڈیڈی کے استعمال کے سلسلے میں تحقیقات شروع کروانے کا فیصلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جن یونین کے ایم سی ڈی ایم سیز کراچی کے مرکزی صدر سید ذوالفقار شاہ نے کہا ہے کہ اکتوبر 2023 سے ڈی ایم سیز کے ملازمین کی تنخواہوں سے براہ راست کے ایم سی کیلیے ہونے والی تنخواہوں سے کٹوتی کو علیحدہ اکاؤنٹ کھول کر اس میں جمع رکھنے اور اپنی آمدنی کا 20 فیصد اس رقم میں جمع کرنے کا عدالتی حکم جاری کیا گیا تھا۔ ...

بچوں کے روشن مستقبل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، چیئرمین محمد یوسف

چیئرمین نیو کراچی کا میمونہ گریٹ این جی اوز کے تعاون سے بحال کیے جانے والے بلدیاتی اسکولوں کا دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے سیکٹر E-5 میں میمونہ گریٹ این جی اوز کے تعاون سے بحال کیے جانے والے بلدیاتی اسکولوں، عبد الستار ایدھی اسکول اور مولوی تمیز الدین اسکول کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ...

زندگی کی آخری سانس تک غریب اور مستحق لوگوں کی خدمت کا عمل جاری رہیگا، سید ندیم احمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان قائد اعظم ویلفیئر ٹرسٹ کے ... چیئرمین سید ندیم احمد نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت سے بڑھ کر کوئی عبادت نہیں، خدمت خلق ہمارا مشن ہے ...



پیپلز پارٹی کے مخالفین کی سازش کسی بھی صورت میں کامیاب نہیں ہوگی، علی اصغر تنولی

... کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کی ترقی اور خوشحالی کے لیے انتھک جدوجہد کرنے میں کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی ترقی کے لیے پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت کی عوامی خدمات پیپلز پارٹی کے مخالفین کو ہضم نہیں ہو رہا، پیپلز پارٹی سندھ کی ترقی کے منصوبوں پر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی مسائل کو عوام کے دہلیز پر حل کرنا چاہتی ہے۔



تعلقہ بدین کی دیہہ واریارو سے تعلق رکھنے والی لونڈ برادری کے افراد زمین کے ریکارڈ میں جعلسازی کے خلاف مظاہرہ کررہے ہیں

مسلم ممالک کا مشترکہ دفاعی تعاون قابل تحسین ہے، محمد اشرف قریشی

یمنی حکومتی افواج کی جانب سے باب المندب کے اطراف پیش قدمی کی اطلاعات حوصلہ افزا ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی جمعیت اہل حدیث کراچی کے ناظم اعلیٰ محمد اشرف قریشی نے باب المندب کے اطراف یمنی حکومتی افواج کی جانب سے اہم علاقوں میں پیش قدمی کی اطلاعات حوصلہ افزا ہیں ...

مہنگائی، بے روزگاری اور ٹیکسوں کی بھرمار نے عوام کا جینا دو بھر کر دیا ہے، حاشر عمر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی اورنگی ٹاؤن یوسی 6 کے چیئرمین حاشر عمر ... نے پیٹرول، لیوی کے خلاف حکومت کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ...

جان ومال کا تحفظ ڈاؤ انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے، راؤ قاسم

ہسپتال کے مختلف مقامات پر نصب بیریئرز اور ٹائر کلرز پر بھی تحفظات کا اظہار

ڈاؤ یونیورسٹی ہسپتال میں سیکیورٹی انتظامات پر پیپلز پیرا میڈیکل ونگ کا اظہار تشویش

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیپلز پیرا میڈیکل ونگ، ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی انتظامیہ سے ہسپتال میں سیکیورٹی انتظامات کا فوری جائزہ لینے اور ڈائریکٹر سیکیورٹی کرنل ریٹائرڈ انتظار احمد کو قواعد وضوابط کے مطابق تبدیل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ...

حکومت کو چاہیے کہ نوجوانوں کے لیے فنی تربیت اور روزگار کے مواقع پیدا کرے، شبیر خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انٹرنیشنل پیس کمیٹی کراچی کے صدر اور معروف سماجی رہنما شبیر خان نے کہا ہے کہ شہر میں جرائم میں اضافہ بے روزگاری کا نتیجہ ہے ...

نظام مصطفیٰ ہوگا تو ملک میں عدل وانصاف کا بول بالا ہوگا، ارشد کاظمی

ملک میں قرآن وسنت کی تعلیمات کی روشنی میں نظام مصطفیٰ ﷺ کے نفاذ کی جدوجہد وقت کی اہم ضرورت ہے

نظام مصطفیٰ ہی عوام کو حقیقی معنوں میں عدل، مساوات، امن اور معاشی وسماجی انصاف فراہم کرسکتا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک الجنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر طریقت رہبر شریعت پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ پاکستان کا قیام ایک نظریاتی مقصد کے تحت عمل میں آیا تھا، اس لیے ملک میں قرآن وسنت کی تعلیمات کی روشنی میں نظام مصطفیٰ ﷺ کے نفاذ کی جدوجہد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ...



قطر ہسپتال میں منعقدہ پروگرام سے مہمان گرامی خطاب کررہے ہیں

جنوبی سندھ، کراچی اور حیدر آباد پر مشتمل نیا صوبہ نہیں بنایا جائے، کامران علی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بہاری قومی موومنٹ کے چیئرمین کامران علی نے کہا ہے کہ نیا صوبہ بنائے بغیر کراچی کے مسائل کا حل ممکن نہیں ہے ...

بچوں کو معیاری تعلیم اور اخلاقی تربیت نہیں دی گئی تو ملک ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ جائے گا، محمد وسیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محب وطن پاکستان آرگنائزیشن کے چیئرمین سیاسی اور سماجی رہنما ... نے کہا کہ ...

صحت مند طرز زندگی، متوازن غذا اور باقاعدہ ورزش سے دل کے امراض سے بچا جا سکتا ہے، ڈاکٹر ندا امبر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ... قطر جنرل ہسپتال ...

امن کونسل کا مکہ دفاعی اتحاد کے حالیہ اجلاس کے اعلامیہ کا خیر مقدم

امید ہے مکہ دفاعی اتحاد امن و رواداری کے فروغ کیلئے اپنا کلیدی کردار ادا کرتا رہے گا۔ طارق مدنی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان امن کونسل کے سربراہ طارق محمود مدنی، مولانا عبدالرزاق ہزاروی، مولانا عبد الماجد فاروقی، مفتی محمد عدنان مدنی ...

کھیلوں سے نوجوان جسمانی اور ذہنی طور پر مضبوط ہوتے ہیں، محمد کلیم احمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن ڈسٹرکٹ ویسٹ کے سینئر نائب صدر محمد کلیم احمد نے کہا کہ نوجوانوں کی صحت اور تندرستی کے لیے کھیلوں ...

پورے کراچی شہر نے جوہڑ کی شکل اختیار کر لی ہے، علامہ حیات عباس نجفی

غم وغصہ ایک عوامی سیلاب کی شکل اختیار کر کے بالادست طبقات کو بہا کر لے جائے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مجلس وحدت مسلمین صوبہ سندھ کے صدر علامہ حیات عباس نجفی نے کہا ہے کہ ...

مولانا مختار الحسن حسنی کی مدینہ منورہ میں رحلت پر حنیف طیب کا رنج وغم کا اظہار

فروغ دین، اصلاح معاشرہ اور قرآنی علوم کی نشرواشاعت کے لیے ان کی مخلصانہ کردار کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نظام مصطفیٰ پارٹی کے چیئرمین سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے ...



ریلوے کالونی کراچی کینٹ میں صفائی کے ناقص انتظامات کی قلعی کھل گئی جگہ جگہ کچرا کنڈیاں اور سڑکوں پر کچرے کا ڈھیر ریلوے انتظامیہ کی کارکردگی کا منہ چڑا رہا ہے۔

اورنگی ٹاؤن میں بجلی، گیس اور پانی کی سہولیات سے محروم ہے، مفتی محمد علی جہانگیری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک لبیک پاکستان ضلع غربی کے نائب امیر مفتی محمد علی جہانگیری نے اورنگی ٹاؤن کے مختلف علاقے کے دورے پر اورنگی ٹاؤن کے ترقیاتی کاموں کے لیے نظر ثانی کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اورنگی ٹاؤن اس وقت بدحالی کا منظر پیش کر رہا ہے انہوں نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن میں سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔



... کی کتاب "ورنگ" ... کی تقریب رونمائی کے موقع پر مہمان خصوصی پروفیسر ... انصاری، پروفیسر معین الدین عقیل، پروفیسر ڈاکٹر ... و دیگر خطاب کررہے ہیں

بقیہ نمبر 01 اطلاعات

تلاوت کلام پاک حمد و ثنا سے کیا گیا جس میں ملک کے مشہور و معروف نعت خواں حضرات جس میں ندیم سلطانی، محمد محسن قادری، محمد رضوان نقشبندی، محمد ذیشان قادری، دیباج قادری، علامہ ریحان علوی اور حافظ تجاہل نے آقا کریم ﷺ کی شان اقدس میں لکھائے عقیدت اپنی اپنی پرسوز آواز میں پیش کیے، جبکہ اس موقع پر اس بابرکت محفل میں مہمانان گرامی میں چیئرمین یوسی کونسل نمبر دن سرسید ٹاؤن سید شہزاد مظہر زیدی، چیئرمین گوہر آباد یوسی کونسل سرسید محسن وہرا جامع مسجد حرا کے امام و خطیب محمد علی قادری، اور مسجد کمیٹی کے ممبران سمیت دیگر تمام مہمانان گرامی جس میں محمد ریحان عطاری، امام مسجد حرا محمد علی قادری اور بالخصوص مہمان خصوصی علامہ پروفیسر غلام محی الدین قادری اور امام الخطیب افضال احمد قادری نے آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفی ﷺ کی شان اقدس سے متعلق تفصیلی طور پر روشنی ڈالی اور جاری اس روح پرور روحانی محفل میں بھرپور شرکت کی۔ اس تقریب کے اختتام پر سرپرست اعلیٰ شیخ محمد ارشد قریشی نے آتے ہوئے تمام معزز مہمانان گرامی محفل کو اس محفل کے شاندار انعقاد پر مسجد کمیٹی کے تمام اراکین کو دلی طور پر مبارکباد پیش کی اور حاضرین محفل کے ذوق و شوق کو خوب سراہا اور ان سب کی آمد پر ان سب کا دل سے شکریہ ادا کیا محفل کے اختتام پر لنگر کا خاص اہتمام بھی کیا گیا تھا

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

گوٹھ، لاشاری گوٹھ، پٹھان گوٹھ اور ہندو پاڑہ لاشاری گوٹھ سمیت دیگر علاقوں میں علاقہ مکینوں کی جانب سے چیئرمین نظیر احمد بھٹو کا شاندار استقبال کیا گیا۔ مکینوں نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور پرجوش نعروں سے ان کا خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر علاقہ مکینوں کی جانب سے ایک بڑے اور پرجوش جلسے کا بھی انعقاد کیا گیا جس سے خطاب کرتے ہوئے ٹاؤن چیئرمین نظیر احمد بھٹو نے کہا کہ عوام کو بلدیاتی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ صاف پینے کا پانی، سڑکیں، اسٹریٹ لائٹس، سیوریج، پیور بلاک، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات عوام کا حق ہیں اور ان کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی سہولیات کی فراہمی سے عوام کے معیار زندگی میں بہتری آئے گی اور شہریوں کو درپیش روزمرہ مسائل میں کمی ہوگی۔ ہماری کوشش ہے کہ ٹاؤن کے تمام علاقوں میں بلا امتیاز ترقیاتی کام کرائے جائیں تاکہ ہر شہری کو یکساں سہولیات میسر آسکیں۔ نظیر احمد بھٹو نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایات اور وژن کے مطابق بلا امتیاز عوام کو بلدیاتی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیری نظر میں ذات، پات، قومیت، رنگ اور نسل کی بنیاد پر کوئی فرق نہیں، ہم انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کے تمام صوبوں کو جوڑنے والی زنجیر اور وفاق کی علامت ہے۔ چیئرمین نظیر احمد بھٹو نے جلسے میں موجود مکینوں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آج ہم آپ کے پاس بلدیاتی سہولیات اور ترقیاتی کام لے کر آئے ہیں، جب انتخابات کا وقت آئے اور پاکستان پیپلز پارٹی کا نمائندہ آپ کے پاس ووٹ مانگنے آئے تو کیا آپ ہمارا ساتھ دیں گے؟ اس موقع پر سینکڑوں علاقہ مکینوں نے کھڑے ہو کر ہاتھ بلند کیے اور پرجوش انداز میں پاکستان پیپلز پارٹی کو مکمل سپورٹ اور ووٹ دینے کا وعدہ کیا۔ مکینوں نے نعروں کے ذریعے چیئرمین نظیر احمد بھٹو کا شکریہ ادا کیا اور علاقے میں ترقیاتی کام شروع کرانے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر گوٹھوں کے معززین، پاکستان پیپلز پارٹی کے مقامی رہنماؤں، ٹاؤن ممبران اور دیگر سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی خطاب کیا اور ٹاؤن چیئرمین نظیر احمد بھٹو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں بلا امتیاز ترقیاتی کاموں کا سلسلہ خوش آئند ہے۔ تقریب کے اختتام پر علاقہ مکینوں نے چیئرمین نظیر احمد بھٹو کے حق میں نعرے لگائے اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

میڈی کیم گروپ آف کمپنیز (Medicam Group of Companies) کے چیف آپریٹنگ آفیسر جناب خرم خلیل منی جال والا نے کی جس نے پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان کاروبار، تجارت اور اسٹریٹجک تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کیلئے بامقصد گفتگو کا ایک خوشگوار ماحول فراہم کیا۔ ظہرانے میں جناب رائے محمد طاہر اقبال، ڈائریکٹر کمرشل، میڈی کیم گروپ آف کمپنیز (Medicam Group of Companies)، جناب ممتاز سومرو، جناب قمر عباس، جناب نسیم جانی شیخ، ڈائریکٹر ریجنل ہیلتھ انڈسٹریل ریلیشن، کے الیکٹرک (K-Electric) ایس ایس پی اسرار احمد چنگیزی، جناب عرفان سومرو، ڈائریکٹر جنرل وزارت خارجہ پاکستان، جناب منصور، جناب ذوالفقار علی اور دیگر معزز مہمانان اور کاروباری نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ دورے کے دوران انڈونیشیائی وفد کو میڈی کیم گروپ کی متنوع پیداواری اور صحت سے متعلق سرگرمیوں سے متعارف کرایا گیا۔ جناب رضا شاہد، جنرل مینیجر کوالٹی انشورنس اور محترمہ زرمین الیاس اسسٹنٹ مینیجر پروڈکشن نے ایک جامع کارپوریٹ اور مصنوعات کی پریزنٹیشن پیش کی جس میں گروپ کی پیداواری صلاحیتوں، کوالٹی مینجمنٹ سسٹم، دواسازی کی مصنوعات، صحت سے متعلق مصنوعات اور پرسنل کیئر پورٹ فولیو کا احاطہ کیا گیا۔ پریزنٹیشن اور بعد ازاں ہونے والی گفتگو کے دوران انڈونیشیا کے قونصل جنرل نے میڈی کیم گروپ کے ساتھ کاروباری تعلقات استوار کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

میدان کی بحالی، نیا فرنیچر، کلاس روم کی بہتری، طلبہ کے لیے یونیفارم اور دیگر تعلیمی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ متعلقہ حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ دونوں اسکولوں کی بحالی کا کام تکمیل کے آخری مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ اس موقع پر چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے کہا کہ جب انہوں نے ان اسکولوں کا جائزہ لیا تو ان کی عمارتیں انتہائی خستہ حال تھیں، فرنیچر ناکافی تھا اور تعلیمی ماحول بھی متاثر ہو رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میسوٹ گریٹ این جی او کے تعاون سے دونوں بلدیاتی اسکولوں کو جدید تقاضوں کے مطابق بحال کیا جا رہا ہے، جس سے علاقے کے بچوں کو بہتر تعلیمی ماحول میسر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری اولین ترجیح یہ ہے کہ بلدیاتی اسکولوں کو اس معیار تک لے جائیں جہاں والدین بلا جھجک اپنے بچوں کو گورنمنٹ بلدیاتی اسکولوں میں داخل کرائیں۔ معیاری تعلیم کسی ایک طبقے کا نہیں بلکہ ہر بچے کا بنیادی حق ہے، اور نیو کراچی ٹاؤن اس حق کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہا ہے۔ محمد یوسف نے مزید کہا کہ "ہم صرف عمارتیں تعمیر نہیں کر رہے بلکہ ایک بہتر تعلیمی نظام کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ جدید فرنیچر، بہتر سہولیات، تربیت یافتہ اساتذہ اور خوشگوار تعلیمی ماحول کے ذریعے بلدیاتی اسکولوں کا معیار بلند کیا جائے گا تاکہ والدین کو نجی اسکولوں کا متبادل اپنے ہی علاقے میں میسر آئے۔

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

بروقت مشکل اجرا ئیم اور دیات کا اسپرے سٹیکلیشن عملے کی فیلڈ میں موجودگی، صفائی کے عمل کی نگرانی اور شہریوں کو درپیش مسائل سمیت دیگر امور پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے اپنے پیغام میں کہا کہ گڈاپ ٹاؤن کے شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے، صفائی ستھرائی کے معاملے پر کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام متعلقہ افسران اور سٹیکلیشن عملہ فیلڈ میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں اور صفائی کے کاموں کی مؤثر نگرانی کی جائے۔ میونسپل کمشنر ملک نجیب ایاز نے اجلاس میں افسران کو ہدایت کی کہ چیئرمین طارق عزیز بلوچ کی ہدایات کے مطابق گڈاپ ٹاؤن کے تمام علاقوں میں صفائی کے نظام کو مزید منظم اور فعال بنایا جائے۔ کچرے کی بروقت منتقلی، سڑکوں اور گلیوں کی صفائی کے ساتھ جراثیم کش ادویات کا اسپرے اور سٹیکلیشن عملے کی کارکردگی کی باقاعدہ مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایچ آر ایم (سہیل عبد قائمی، ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر، پی ایس) ایم ایس (علی عمر، پی ایس چیئرمین لعل جان نیز بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

میں تقریباً 1,500 نے صنعتی نمائش میں شرکت میں شامل ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ای سیکٹر کو توانائی کی بلند قیمتوں، ٹیکس نظام، شرح سود، برآمدات اور صنعتی مسابقت جیسے بنیادی مسائل کا سامنا ہے۔ کاروباری پالیسی کے مرکز میں رکھنے کی کوشش کی ہے۔ حالیہ عرصے میں انہوں نے صنعت کے لیے بجلی کی قیمتوں میں مزید کمی، شرح سود کو سنگل ڈیجٹ میں لانے اور برآمدات بڑھانے کے لیے اصلاحات پر بھی زور دیا ہے۔ فراز الرحمن نے کہا کہ اگر FPCCI کی قیادت صنعت و تجارت کے حقیقی مسائل کو صرف حکومت تک پہنچانے کے بجائے اعداد و شمار، تحقیق، پالیسی تجاویز اور مسلسل فالو اپ کے ذریعے حل کرانے پر توجہ دے تو اس کے دور رس نتائج سامنے آ سکتے ہیں۔ FPCCI میں پیشہ ورانہ تحقیق اور پالیسی سازی کے لیے CEO اور ریسرچ ٹیم کے قیام کی تجویز بھی اسی سمت کی ایک اہم مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو آج ایسی کاروباری قیادت کی ضرورت ہے جو صنعت کو سستی توانائی، آسان ٹیکس نظام، کم لاگت فنانسنگ، بہتر کسٹمز ریگولیٹری نظام، برآمدات میں اضافے اور نجی سرمایہ کاری کے مواقع سے جوڑنے کے لیے مؤثر آواز بن سکے۔ فراز الرحمن نے مزید کہا کہ ایس ایم ای سیکٹر کی FPCCI میں آمد سے صنعت و تجارت کے مسائل کو زیادہ منظم انداز میں قومی اقتصادی پالیسی کا حصہ بنانے، حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر رابطہ بڑھانے اور کاروباری ماحول میں عملی اصلاحات کے لیے نئے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے ایس ایم ای سیکٹر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافے اور کاروباری طبقے کے مسائل کے حل کے لیے تمام کاروباری تنظیموں اور چیمبرز کو ذاتی یا گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی معاشی مفاد میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

اظہار آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین سی بی اے کے مرکزی صدر عبداللطیف نظامانی نے آپریشن سرکل حیسکو نوابشاہ ڈویژن کی جانب سے بھٹ شاہ میں منعقدہ عظیم الشان جلسے سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسے کے مہمان خصوصی صوبائی سیکریٹری سندھ اقبال احمد خان تھے جبکہ دیگر مہمانوں میں صوبائی جوائنٹ سیکریٹری اعظم خان، نگل محمد نظامانی، ڈاڈن کاکڑ، نور احمد نظامانی، بابر شفیق، ہاشم علی اور عابد علی شاہ و دیگر شامل تھے۔ اس موقع پر جلسے کے منتظمین زونل چیئرمین شیر محمد نظامانی زونل چیئرمین اسماعیل ملاح صاحب خان مری، نور حسن کھیو، اختر کھوڑو، مولا بخش، سہیل احمد، علی اصغر خشک، و دیگر نے مہمانوں کو خوش آمدید کیا جبکہ کارکنوں نے جلسہ گاہ آمد پر شاندار آتش بازی اور والہانہ نعروں سے خیرمقدم کیا۔ جلسے سے خطاب میں صدر یونین نے محنت کشوں پر زور دیا کہ وہ نجکاری کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن جائیں، حکومت ہمارے اتحاد سے خائف ہے وہ ہمیں کمزور کر کے ہمارے اتحاد کو پارہ پارہ کرنا چاہتی ہے تاکہ قومی اداروں کی نجکاری میں کوئی رکاوٹ حائل نہ ہو۔ ہم نے بھی عزم کر رکھا ہے کہ نجکاری کو دفن کر کے ہی دم لیں گے کیونکہ یہ ہماری نسلوں کا مسئلہ بن چکا ہے۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

ٹیکنالوجی (ٹکٹ) کو بھیجے گا۔ بعد اس الیکٹرانک تصویر کو متعلقہ بینک کی برانچ کو منتقل کرے گا، جہاں تصویر اور چیک سے حاصل کیے گئے ڈیٹا کی بنیاد پر رقم کی منتقلی یا چیک مسترد کرنے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ نئے نظام کے تحت کاغذی چیک اسی بینک کے پاس محفوظ رہے گا جہاں اسے جمع کرایا گیا ہے، تاہم اگر متعلقہ بینک کو چیک کی اصلیت یا اس کی الیکٹرانک تصویر کے حوالے سے کوئی شبہ ہو تو وہ اسے "مشکوک" قرار دے کر اصل کاغذی چیک طلب کر سکے گا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق چیک کی اسکیننگ کیلئے دو طریقے کار اختیار کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلشن اقبال ٹاؤن کے زیر انتظام اسکولوں میں طلبا کی انرولمنٹ میں 100 فیصد اضافہ ہوا ہے، جو والدین کے اعتماد اور تعلیمی ماحول میں بہتری کا واضح ثبوت ہے۔ طلبہ، اساتذہ اور نان ٹیچنگ اسٹاف کی استعداد کار میں اضافے کے لیے مختلف تربیتی پروگرام کا بھی انعقاد کیا گیا، جبکہ طلبہ کے لیے جدید اور بہتر کلاس روم سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ چیئرمین ڈاکٹر فواد احمد نے کہا کہ طلبہ کے لیے تعلیم کارڈ کا اجرا بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے، جس سے طلبہ اور ان کے والدین کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے اور تعلیم کے حصول کے حوالے سے مثبت رجحان پیدا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد گلشن اقبال ٹاؤن کے زیر انتظام اسکولوں میں ایسا تعلیمی ماحول فراہم کرنا ہے جہاں طلبہ کو بہتر سہولیات کے ساتھ معیاری تعلیم کے مواقع میسر آسکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گرمی کے موسم میں طلبہ کو درپیش مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے تنگ اسکول کے بچوں میں ہینڈ فین تقسیم کیے گئے ہیں تاکہ انہیں دوران تعلیم ممکنہ حد تک بہتر اور آرام دہ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اس موقع پر طلبہ اور اساتذہ نے چیئرمین ڈاکٹر فواد احمد کا والہانہ استقبال کیا اور گلشن اقبال ٹاؤن کے زیر انتظام اسکولوں میں ان کی آمد کے بعد ہونے والی نمایاں بہتری کو سراہا۔ طلبہ اور اساتذہ نے چیئرمین ڈاکٹر فواد احمد کی جانب سے اسکولوں میں بہتری، تعلیم کارڈ کے اجرا، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور طلبہ کی فلاح و بہبود کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایجوکیشن عظیم حیدر، اسکول کے پرنسپل، اساتذہ، نان ٹیچنگ اسٹاف اور طلبہ کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

سطر صحافی و شاعر، جناب سلیم شہزاد کی موجودگی نے

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

نشست کو صحافت و شعر و سخن کی حلاوت سے مالا مال کیا۔ اس خوبصورت بزم میں خاکسار محسن تقی نے اپنے ریڈیو، ٹی وی، تھیٹر، رپورٹنگ اور فوٹوگرافی کے ساتھ بحیثیت مزاح نگار اپنی یادوں کو تازہ کیا، جبکہ معروف گلوکار، موسیقار، جناب ساجد علی خان نے اپنی دلنشیں آواز اور عمدہ گائیکی سے محفل کو ساز و نوا کی کیفیت سے مالا مال کیا۔ گفتگو کے دوران سنجیدہ افکار کے ساتھ شوخ جملوں، روح افزا شرارتوں اور برجستہ نوک جھونک کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ یوں نشست محبت، رفاقت، بذلہ سنجی اور ذوق فن کا حسین مرقع بن گئی، اور اب نشست کی رپورٹنگ کے دوران لی گئی تصاویر پیش خدمت ہیں امید ہے آپ کو پسند آئیں گی آپ کی رائے کا منتظر رہوں گا آپکا اور صرف آپکا محسن تقی۔

اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹرز اقرا جنت، اسسٹنٹ کمشنر فیروز آباد جویریہ اشرف اور اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد راجہ سید نے شاہراہ فیصل کے مختلف حصوں کا سروے کیا اور مرمت، صفائی، بدنمائی کے خاتمے اور بحالی و خوبصورتی کے کاموں کی فہرست تیار کر کے کمشنر کراچی کو پیش کی تھی۔ کمشنر نے متعلقہ ٹاؤنز اور بلدیہ عظمیٰ کے افسران کو اسسٹنٹ کمشنرز کی نگرانی میں کام مکمل کرنے کی ہدایت کی تھی۔ اجلاس میں متعلقہ میونسپل افسران نے مکمل کیے گئے کاموں کی پہلے اور بعد کی تصاویر اور ویڈیوز کے ذریعے تفصیلات پیش کیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچ کالونی پل اور شاہراہ فیصل کے فلائی اوورز پر تجاوزات اور ملبہ صاف کر دیا گیا ہے۔ بلوچ کالونی پل کے نیچے سے ملبہ اور غیر ضروری جرسی بیریئرز ہٹا دیے گئے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچ کالونی اور فورٹ اچ فلائی اور کے اطراف فٹ پاتھوں کی پینٹنگ، پیچ ورک اور تجاوزات کے خاتمے کا کام مکمل کر لیا گیا ہے، جبکہ فورٹ و بابر برج کے نیچے ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کیلئے جدید یوٹرن اور وائیڈنگ تعمیر کر کے استعمال کر دی گئی ہیں۔ شاہراہ فیصل کے دونوں اطراف سروس روڈز پر بلند عمارتوں میں قائم دفاتر کے ملازمین کی بے ہنگم پارکنگ کے مسئلے کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بالخصوص کلاؤن کراؤن اور روفی مسجد کے درمیان تجارتی علاقے میں بے ترتیب پارکنگ کو منظم کرنے کیلئے گرین بیلٹ پر باقاعدہ پارکنگ بنائی جائے گی۔ اس مقصد کیلئے گرین بیلٹ پر جگہ کی نشاندہی بھی کر لی گئی۔ کمشنر کراچی نے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ کے ایم سی کے تعاون سے تجارتی دفاتر کیلئے مختص پارکنگ کی جگہوں کو بہتر کر کے ان پر بورڈز لگائے جائیں اور باقاعدہ لائن اپ کیا جائے تاکہ سروس روڈز پر ٹریفک کے مسائل کم کیے جاسکیں۔ اجلاس میں شاہراہ فیصل کی خوبصورتی اور گرین بیلٹ کیلئے مزید پودے لگانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ سڑک پر بدنما کنٹینرز اور کھلے حصوں کو چھپانے کیلئے دو سے ڈھائی فٹ بلند ہیج لگانے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ شاہراہ کی بصری خوبصورتی بہتر بنائی جاسکے۔

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

شیف نورین اشرف کی زیر قیادت منعقد ہونے والی اس چیمپئن شپ میں پیشہ ور شیفس، کھانا پکانے کے شعبے کے طلبہ، ہوم شیفس اور کھانے پکانے سے دلچسپی رکھنے والے افراد شرکت کریں گے۔ منتظمین کے مطابق شرکا کی مہارت، تخلیقی صلاحیت اور فنی قابلیت کو جانچنے کے لیے مختلف مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا، جن میں خصوصی طور پر کیک ڈسپلے، ریڈی فرام ہوم اور لائیو کوکنگ شامل ہیں۔ شرکا انفرادی طور پر یا ٹیموں کی صورت میں مقابلوں میں حصہ لے سکیں گے۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ چیمپئن شپ کا مقصد شرکا کو اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے اظہار کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا، تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینا، مہارتوں میں بہتری لانا اور کھانا پکانے کے شعبے سے وابستہ افراد کے درمیان صحت مند مسابقت کو فروغ دینا ہے۔ چیمپئن شپ میں شفاف اور منصفانہ طریقہ کار کے تحت شرکا کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا اور حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر تمغے دیے جائیں گے۔ 90 سے 100 فیصد نمبر حاصل کرنے والوں کو طلائی، 80 سے 89 فیصد پر چاندی اور 70 سے 79 فیصد نمبر حاصل کرنے والوں کو کانسی کے تمغے دیے جائیں گے، جبکہ 65 سے 69 فیصد نمبر حاصل کرنے والے شرکا کو تعریفی اسناد دی جائیں گی۔ منتظمین نے خصوصی افراد کی شرکت کی حوصلہ افزائی کے لیے معذور شیفس کے لیے خصوصی رعایتی سہولت بھی فراہم کی ہے۔ بیکری چیمپئن شپ کے ساتھ انٹیومنٹ ایوارڈز 2026 کی تقریب بھی ہوگی، جس میں کھانے اور پکوانوں کے شعبے میں نمایاں کارکردگی اور خدمات انجام دینے والے افراد کو اعزازات سے نوازا جائے گا۔ منتظمین کے مطابق تقریب کا مقصد پاکستان میں کھانا پکانے کے فن میں اعلیٰ معیار کو فروغ دینا، نئے ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی کرنا اور شیفس و طلبہ کو اپنی صلاحیتوں اور تخلیقی کاوشوں کے اعتراف کا موقع فراہم کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

اور معاشرے میں ان کے اہم کردار کو اجاگر کرنا تھا۔ تقریب میں معروف ماہر تعلیم سید طارق شمیم نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر اسکول انتظامیہ، اساتذہ، طلبہ اور دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔ تقریب کے دوران یوم اساتذہ کے حوالے سے خصوصی کیک بھی کاٹا گیا اور اساتذہ کی خدمات کو بھرپور انداز میں سراہا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سید طارق شمیم نے کہا کہ اساتذہ کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی میں بنیادی ستون کی حیثیت رکھتے ہیں۔ وہ صرف طلبہ کو علم کی روشنی سے آراستہ نہیں کرتے بلکہ ان کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت، خود اعتمادی، نظم و ضبط اور قائدانہ صلاحیتوں کو بھی پروان چڑھاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک بہترین استاد آنے والی نسلوں کی فکری اور عملی رہنمائی کرکے ملک و قوم کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھتا ہے۔ انہوں نے اساتذہ کی محنت، لگن اور پیشہ ورانہ وابستگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں اساتذہ کا مقام انتہائی بلند ہے اور ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے اسکول انتظامیہ کی جانب سے طلبہ کو جدید، معیاری اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے کی کوششوں کو بھی سراہا اور کہا کہ ایسے ادارے ملک میں معیاری تعلیم کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر اسکول انتظامیہ نے اساتذہ کی تعلیمی و تربیتی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کی محنت اور رہنمائی ہی طلبہ کی کامیابی اور ادارے کی ترقی کی ضمانت ہے۔ طلبہ نے بھی اپنے اساتذہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیا اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تقریب کے اختتام پر یوم اساتذہ کا کیک کاٹا گیا جبکہ اساتذہ کی خدمات کے اعتراف میں انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تعلیم کے فروغ اور نئی نسل کی بہتر تربیت کے لیے اساتذہ کے کردار کو مزید مضبوط اور مؤثر بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

تمایاں اضافہ ہوا اور مجموعی طور پر 673 ٹریلین روپے مالیت کی 14.3 ارب ٹرانزیکشنز انجام دی گئیں۔ سالانہ بنیادوں پر ٹرانزیکشنز کے حجم میں 58 فیصد جبکہ مالیت میں 10 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق باضابطہ بینکاری ذرائع سے کی جانے والی 14.3 ارب ریٹیل ٹرانزیکشنز میں سے 13.2 ارب ڈیجیٹل ذرائع سے ہوئیں، جن میں سالانہ بنیاد پر 65 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ مجموعی ریٹیل ٹرانزیکشنز میں ڈیجیٹل ذرائع کا حصہ 92 فیصد تک پہنچ گیا، جو مالی سال 25ء میں 88 فیصد تھا۔ ڈیجیٹل ادائیگیوں میں موبائل فون پر مبنی مالی خدمات نمایاں رہیں، جن کے ذریعے مالی سال کے دوران 11.1 ارب سے زائد ٹرانزیکشنز کی گئیں۔

بقیہ نمبر 15 اطلاعات

مدت میں یہ تقریباً 7.60 ارب ڈالر تھیں۔ اسی عرصے میں درآمدات بڑھ کر 19.21 ارب ڈالر ہو گئیں، جبکہ گزشتہ سال پہلی سہ ماہی میں یہ 16.97 ارب ڈالر تھیں۔ اس طرح درآمدات میں 13.21 فیصد اضافہ برآمدات کی 10.84 فیصد نمو سے زیادہ رہا، جس کے نتیجے میں سہ ماہی تجارتی خسارہ گزشتہ سال کے 9.37 ارب ڈالر سے بڑھ کر 10.79 ارب ڈالر ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات میں قدرے بہتری کے باوجود بڑھتا ہوا تجارتی خسارہ بیرونی تجارت کے توازن کے لیے ایک سنجیدہ پالیسی چیلنج ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ ستمبر 2026 میں برآمدات 2.93 ارب ڈالر ریکارڈ ہوئیں جو 2025 میں 2.5 ارب ڈالر تھیں، جبکہ 2026 میں درآمدات 6.49 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جو 2025 میں 5.8 ارب ڈالر تھیں۔ برآمدات بڑھنے کے باوجود ستمبر 2026 کا تجارتی خسارہ 3.55 ارب ڈالر رہا جو 2025 میں 3.35 ارب ڈالر تھا۔

بقیہ نمبر 16 اطلاعات

کہ مذاکرات عمل وبنیادی نکات پر اتفاق نہ ہونے کے باعث تعطل کا شکار ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان کے علاج میں ان کے ذاتی معالج ڈاکٹر فیصل سلطان کی شمولیت اور بشریٰ کی مشاورت دی کے خلاف تمام سیاسی جماعتوں و اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے متعلقہ پالیسی سازی کے مطالبات تسلیم نہیں کیے گئے۔ انصاف ہاؤس کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حلیم عادل شیخ نے کہا کہ مذاکرات پاکستان کے 25 کروڑ عوام اور ملک کے سیاسی استحکام کا معاملہ تھے، تاہم حکومتی مذاکراتی کمیٹی مکمل اختیارات کی حامل نہیں تھی جس کے باعث بات چیت نتیجہ خیز ثابت نہ ہو سکی۔

بقیہ نمبر 17 اطلاعات

تاجکستان، اردن اور عمان شامل ہیں۔ ازبکستان ایک ابھرتی ہوئی منڈی کے طور پر سامنے آیا ہے جہاں پاکستان کی گوشت کی برآمدات مالی سال 2025 میں تقریباً 15.1 ملین ڈالر یا 4,439 میٹرک ٹن سے بڑھ کر مالی سال 2026 میں 18 ملین ڈالر یا 6,094 میٹرک ٹن تک پہنچ گئیں۔ سعودی عرب میں پاکستان کی گوشت اور پولٹری کی برآمدات مالی سال 2025-26 میں 191.5 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں

بقیہ نمبر 18 اطلاعات

روابط کو مزید مضبوط بنانے پر گفتگو ہوئی۔ ملاقات کے دوران نوجوانوں میں سماجی ذرائع ابلاغ کے غیر منظم اور غیر ذمہ دارانہ استعمال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس مسئلے سے نمٹنے کیلئے پارلیمان کے مؤثر کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ فلپائن کے سینیٹ کے صدر نے پاکستان اور فلپائن کے درمیان پارلیمانی روابط میں اضافے کا خیر مقدم کیا۔ فریقین نے زراعت، تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، سیاحت، ثقافتی تبادلوں اور عوامی سطح پر روابط سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات پر بھی گفتگو کی۔ اس موقع پر سینیٹر محمد عبدالقادر نے فلپائن کو آسیان کی رواں سال کی سربراہی سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان آسیان کے مذاکراتی شراکت دار کی حیثیت سے تنظیم کے اہم اجلاسوں میں فعال شرکت کا خواہاں ہے۔ سینیٹر عبدالقادر نے فلپائن کی سینیٹ کے وفد کو آئندہ سال فروری یا مارچ میں پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی۔ سینیٹر سید وقار مہدی نے اجلاس میں موسمیاتی تبدیلی، قدرتی آفات، پانی کی کمی اور ماحولیاتی تنزلی کے باعث پیدا ہونے والے مالیاتی دباؤ پر روشنی ڈالتے ہوئے موسمیاتی موافقت کیلئے مالی وسائل، ٹیکنالوجی اور استعداد کار میں اضافے کی ضرورت پر زور دیا۔ فلپائنی سینیٹ کے صدر نے پاکستانی وفد کو سینیٹ کے اجلاس ہال کا دورہ بھی کرایا۔ دونوں جانب سے پارلیمانی روابط کو مزید مستحکم کرنے اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 19 اطلاعات

اور ٹریفک پولیس کا اعتراف خدمات پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آل صدر الائنس اور مدینہ سٹی مال یونین کے پلیٹ فارم سے تاجروں اور شہریوں کے مسائل کے حل، ٹریفک انتظام کی بہتری اور صدر کی ترقی و خوبصورتی کیلئے اپنا کردار جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 20 اطلاعات

جاری حالات، حماس کے کردار اور اسرائیلی جارحیت کے حوالے سے اہم علمی و فکری نشست منعقد ہوئی۔ نشست کی میزبانی شعبہ اسلامی تاریخ کے پروفیسر ڈاکٹر محمد سہیل شفیق نے اپنے روم میں کی۔ اس موقع پر تحریک آزادی فلسطین کے رہنما اور مفتی اعظم ڈاکٹر محمود شوکی نے خصوصی مہمان کی حیثیت سے شرکت کی اور غزہ کی موجودہ صورتحال اور فلسطین کی جدوجہد کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی گفتگو کی۔ ڈاکٹر محمود شوکی نے بتایا کہ انہوں نے تقریباً 40 سال غزہ یونیورسٹی میں تدریسی خدمات انجام دیں اور فلسطین کی آزادی کی جدوجہد کے دوران تین مرتبہ اسرائیلی قید کا بھی سامنا کیا۔ نشست میں پروفیسر نگار سجاد ظہیر سمیت دیگر معزز مہمانوں اور اساتذہ نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر مسئلہ فلسطین کے تاریخی پس منظر، غزہ کی موجودہ صورتحال، حماس کے کردار اور اسرائیلی جارحیت سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 21 اطلاعات

کہ کرسی کے ساتھ بھلائی نہیں کر سکتے تو برائی بھی نہیں کرنی چاہیے، اسی طرح کسی کا دل خوش نہیں کر سکتے تو دل دکھانے سے بھی گریز کریں، یاد رکھیں بندہ کمزور ہو سکتا ہے مگر اللہ پاک تمام مخلوق سے طاقتور ہے۔ امیر اہل سنت نے کہا کہ جھوٹ سے متعلق سوال کے جواب میں عاشقان رسول کی رہنمائی کرتے ہوئے کہا اگر کوئی پوچھے کہ اس نے کام کیسا کیا ہے تو کام اچھا ہوا تو اچھا کہنے میں حرج نہیں، مگر کام کا معیار بہتر نہ ہوا تو اچھا کہنا جھوٹ ہو جائے گا، اگر نہ کہیں گے تو ممکن ہے کہ دل آزاری ہو جائے لہذا اس معاملے میں احتیاطی جملے ادا کئے جائیں جو جھوٹ بھی نہ ہو اور کسی کی دل آزاری بھی نہ ہو۔

بقیہ نمبر 22 اطلاعات

خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان مسلسل روابط موجود ہیں۔ انہوں نے سندھ

اسمبلی کی میزبانی میں منعقد ہونے والی ساتویں سی پی اے ایشیا ریجنل کانفرنس اور دوسری مشترکہ سی پی اے ایشیا و جنوب مشرقی ایشیا ریجنل کانفرنس کے دوران ملائیشین قونصل جنرل کے پیش رو سے ملاقات کا ذکر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کینیڈا میں منعقدہ 69 ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس کے موقع پر بھی ملائیشیا کی پارلیمان کے اسپیکر سے ان کی ملاقات ہوئی تھی۔ ملائیشین قونصل جنرل نے بتایا کہ پاکستان میں تعیناتی ان کی پہلی پوسٹنگ ہے جبکہ یہ ان کی تیسری بیرون ملک تعیناتی ہے۔ وہ تقریباً ایک ماہ قبل پاکستان پہنچے ہیں۔ انہوں نے پاکستان کو انتہائی متحرک ملک قرار دیتے ہوئے پاکستانی عوام کی مہمان نوازی، گرمجوشی اور جذبے کو سراہا۔ سید اویس قادر شاہ نے ملائیشین قونصل جنرل کو سندھ کے مختلف علاقوں، خصوصاً سکھر کا دورہ کرنے کی دعوت دی اور سکھر کی تاریخی و جغرافیائی اہمیت سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سکھر سندھ کو دیگر صوبوں سے ملانے والا اہم شہر ہے جہاں ایئرپورٹ، ریلوے، سڑکوں کا وسیع نیٹ ورک اور صنعتی بنیاد موجود ہے۔ اسپیکر نے سندھ کے مختلف اضلاع کی آبادی، جغرافیائی اور معاشی خصوصیات پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ صوبے میں صحرائی علاقوں، زرخیز زرعی خطوں اور صنعتی زونز کا منفرد امتزاج موجود ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سکھر سمیت سندھ کے دیگر شہروں میں ملائیشیا کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے ملائیشین قونصل خانے کو سکھر، حیدرآباد اور سندھ کے دیگر بڑے شہروں میں کاروباری مواقع کا جائزہ لینے اور متعلقہ چیمبرز آف کامرس کے ساتھ روابط بڑھانے کی تجویز بھی دی۔ ملائیشین قونصل جنرل محمد یونس بن ابراہیم نے کہا کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان معاشی تعاون کا فروغ ان کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے حال ہی میں کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری میں کاروباری برادری سے ہونے والی ملاقات کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ ملائیشیا کا معاشی وژن عالمی سطح پر اپنی معاشی سرگرمیوں کو وسعت دینے اور قابل عمل کاروباری و سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنا ہے۔ ملاقات میں سیاحت کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر سندھ اسمبلی نے ملائیشیا کے تقریباً 13 سے 14 سال قبل کیے گئے اپنے دورے کا ذکر کرتے ہوئے ملک کے مختلف علاقوں کے سفر کے تجربات بیان کیے۔ دونوں جانب سے پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان سیاحتی روابط مزید بڑھانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ سید اویس قادر شاہ نے حکومت سندھ کے مختلف اقدامات، بالخصوص ورلڈ لائیو اسٹاک ایکسپو، کے حوالے سے بھی قونصل جنرل کو آگاہ کیا اور ملائیشین کاروباری اداروں اور متعلقہ حلقوں کو ایسے پروگراموں میں شرکت کی دعوت دی۔ قونصل جنرل نے ایکسپو میں انہیں دلچسپی کا اظہار کیا، جبکہ اسپیکر نے آئندہ ایکسپو میں انہیں اور ان کی ٹیم کو شرکت کی دعوت دینے کی یقین دہانی کرائی۔ پارلیمانی روابط کے فروغ کے حوالے سے اسپیکر سندھ اسمبلی نے سندھ اسمبلی اور ملائیشیا کی پارلیمان کے درمیان پارلیمانی دوستی گروپس کے قیام کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ تجویز ملائیشین قونصل جنرل کے پیش رو سے ہونے والی ملاقات میں بھی پیش کی گئی تھی۔ ملاقات کے دوران ملائیشین قونصل جنرل نے ملائیشیا کی ریاست سیلانگور کی معاشی اہمیت، ملکی مجموعی قومی پیداوار میں اس کے نمایاں کردار اور اہم معاشی و بندرگاہی مرکز کی حیثیت سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے ملائیشیا کے منفرد آئینی بادشاہتی نظام اور بعض ریاستوں میں موروثی سلاطین کے نظام سے بھی آگاہ کیا۔ دونوں جانب سے پاکستان اور ملائیشیا کے پارلیمانی نظام، دو ایوانی پارلیمان اور دونوں ممالک کے قانون ساز اداروں کے امور کار پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قونصل جنرل نے پاکستان میں کام کرنے والی ملائیشین کمپنیوں کی موجودگی

بقیہ نمبر 23 اطلاعات

شاہراہِ فیصل کے سروس روڈز پر گرین بیلٹ پر منظم پارکنگ بنانے کا فیصلہ

بلوچ کالونی پل اور شاہراہِ فیصل کے فلائی اوورز پر تجاوزات اور ملبہ صاف کر دیا گیا ہے، پل کے نیچے سے ملبہ اور غیر ضروری جرسی بیریئرز بھی ہٹا دیے گئے ہیں

نکلتی اور غیر فعال کیبلز زیرِ زمین یا ہٹائی جائیں گی، شاہراہِ فیصل کی تزئین و آرائش، تجاوزات کے خاتمے اور سروس روڈز کی بہتری کے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیرِ صدارت ان کے دفتر میں اجلاس ہوا، جس میں شاہراہِ فیصل اور اس سے ملحقہ سروس روڈز کو بہتر بنانے، تزئین و آرائش، تجاوزات کے خاتمے اور خوبصورتی کے منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شرقی نصر اللہ عباسی، اسسٹنٹ کمشنر فیروز آباد جنت، جویریہ اشرف اور رابعہ سید، میونسپل کمشنر بلدیہ عظمیٰ کراچی، ٹاؤن میونسپل ایڈمنسٹریٹر جناح ٹاؤن اور چنیسر ٹاؤن کے افسران اور کے الیکٹرک کے چیف انجینئر نے شرکت کی۔ اجلاس کو شاہراہِ فیصل پر جاری ورک، صفائی ستھرائی، فٹ پاتھوں اور گرین بیلٹ کی بہتری، کرب اسٹونز کی پینٹنگ، سڑک اور اطراف کی تزئین و آرائش اور تجاوزات کے خاتمے کے اقدامات کے بارے میں تصاویر اور ویڈیوز کے ذریعے بریفنگ دی گئی۔ کمشنر کراچی کی ہدایت پر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11



یوسی چوکنڈی میں ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح

صاف پانی، سیوریج، پیور بلاک، سڑکوں اور اسٹریٹ لائٹس سمیت بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں گی

علاقہ مکینوں نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے نظیر احمد بھٹو کا شاندار استقبال کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی پی ایس 86 ضلع ملیر کے صدر اور ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ابراہیم حیدری کے چیئرمین نظیر احمد بھٹو نے یوسی چوکنڈی کے مختلف علاقوں میں پینے کے صاف پانی، سیوریج، پیور بلاک اور دیگر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف ترقیاتی اسکیموں کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب کے سلسلے میں یوسف عارفانی گوٹھ، داؤ شورو گوٹھ، نو مانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

پاکستان شیفس کلب کی چوتھی کلینری چیمپئن شپ 11 اکتوبر کو ہوگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان شیفس کلب کے زیرِ اہتمام چوتھی کلینری چیمپئن شپ اور ایوارڈز 2026 اتوار 11 اکتوبر کو سلطنت بینکوئٹ، اسکوائر ون مال کے قریب، ڈالمیا روڈ کراچی میں منعقد ہوں گے۔ پاکستان شیفس کلب کی بانی و چیف ایگزیکٹو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

نارتھ ناظم آباد میں جشن عید میلاد النبی ﷺ و بڑی گیارہویں شریف کا انعقاد

تقریب نہایت عقیدت و احترام سے منائی گئی جبکہ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک و حمد و نعت سے کیا گیا

حافظ تہامی نے آقا کریم ﷺ کی شانِ اقدس میں گلہائے عقیدت اپنی پرسوز آواز میں پیش کیے

کراچی (اسٹریٹ رپورٹر بشمس رانیہ) تفصیلات کے مطابق مورخہ 3 اکتوبر بروز شب ہفتہ بعد نماز عشاء نارتھ ناظم آباد ٹاؤن یونین کونسل سرسید سیکٹر 7 کی میں واقع جامع مسجد فیضانِ صدیق اکبر میں 1501 واں سالانہ عظیم الشان جشن عید میلاد النبی ﷺ و بڑی گیارہویں شریف کی محفل نہایت عقیدت و احترام سے منعقد کی گئی۔ اس روح پرور محفل کا آغاز باقاعدہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

ڈاکٹر عبدالقدیر خان اسکول گلشن اقبال میں یومِ اساتذہ عقیدت و احترام سے منایا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاکٹر عبدالقدیر خان اسکول گلشن اقبال کراچی میں عالمی یومِ اساتذہ انتہائی جوش و خروش، عقیدت اور احترام کے ساتھ منایا گیا۔ تقریب کا مقصد طلبہ کی تعلیم، تربیت اور کردار سازی میں اساتذہ کی گراں قدر خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13



انڈونیشیا کے قونصل جنرل کا میڈی کیم گروپ کا دورہ، اسٹریٹجک کاروباری تعاون میں دلچسپی

صحت سے متعلق مصنوعات، برآمدات، تقسیم اور انڈونیشیا میں مارکیٹ کے فروغ کے مواقع پر توجہ مرکوز کی گئی

انڈونیشیائی وفد کو میڈی کیم گروپ کی متنوع پیداوار اور صحت سے متعلق سرگرمیوں سے متعارف کرایا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میڈی کیم گروپ آف کمپنیز (Medicam Group of Companies) نے انڈونیشیا کے قونصل جنرل محترم جناب ۔۔۔ کے اعزاز میں ایک عشائیے کا اہتمام کیا، ان کے ہمراہ ڈاکٹر احمد صوفیان، قونصل برائے اقتصادی امور، قونصلیٹ جنرل آف انڈونیشیا، اور جناب علی نور احمد بھی موجود تھے۔ عشائیے کی میزبانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

پاکستان میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کا رجحان تیزی سے بڑھنے لگا

باضابطہ بینکاری ذرائع سے کی جانے والی 14.3 ارب ریٹیل ٹرانزیکشنز میں سے 13.2 ارب ڈیجیٹل ذرائع سے ہوئیں

مالی سال 26ء میں 673 ٹریلین روپے کی 14.3 ارب ریٹیل ٹرانزیکشنز، ڈیجیٹل ادائیگیوں کا حصہ 92 فیصد تک پہنچ گیا، اسٹیٹ بینک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بینک دولت پاکستان (اسٹیٹ بینک) نے نظام ادائیگی کا سالانہ جائزہ مالی سال 2025-26ء جاری کر دیا، جس میں پاکستان میں ادائیگیوں کے منظرنامے میں مسلسل توسیع اور روزمرہ کی مالی ٹرانزیکشنز میں ڈیجیٹل ذرائع کے بڑھتے ہوئے کردار کو اجاگر کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2025-26ء کے دوران صارفین، کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں کی جانب سے موبائل ایپس، انٹرنیٹ بینکاری ۔۔۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق مالی سال 26ء کے دوران باضابطہ بینکاری ذرائع سے ریٹیل ادائیگیوں میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14



بیرونی تجارت کیلئے سنجیدہ پالیسی چیلنج

بڑھتا تجارتی خسارہ — میاں زاہد

2026-27ء کی پہلی سہ ماہی میں برآمدات میں 10.84 فیصد اضافہ خوش آئند ہے، درآمدات میں 13.21 اضافے سے تجارتی خسارہ 15.13 فیصد بڑھ گیا

گزشتہ سال پہلی سہ ماہی میں یہ 16.97 ارب ڈالر تھیں۔ اس طرح درآمدات میں 13.21 فیصد اضافہ برآمدات کی 10.84 فیصد نمو سے زیادہ رہا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کی ستمبر 2026 کی رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026-27ء کی پہلی سہ ماہی میں برآمدات میں 10.84 فیصد اضافہ خوش آئند ہے، تاہم درآمدات میں 13.21 فیصد اضافے کے باعث تجارتی خسارہ 15.13 فیصد بڑھ کر 10.79 ارب ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ انہوں نے جولائی تا ستمبر 2026 کے تجارتی اعداد و شمار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ برآمدات 8.42 ارب ڈالر رہیں، جبکہ گزشتہ مالی سال کی اسی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

میونسپل کمشنر ملک مجتبیٰ ایاز کا گڈاپ ٹاؤن آفس میں اہم اجلاس

گڈاپ ٹاؤن میں صفائی ستھرائی کی صورتحال اور جاری صفائی آپریشن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

گڈاپ ٹاؤن کے شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ کی خصوصی ہدایات پر میونسپل کمشنر ملک مجتبیٰ ایاز نے گڈاپ ٹاؤن آفس میں ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ اور ڈپٹی ڈائریکٹر سینیٹیشن محمد افضل لغاری اور دیگر محکمہ جاتی افسران کے ساتھ اہم اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں گڈاپ ٹاؤن میں صفائی ستھرائی کی صورتحال اور جاری صفائی آپریشن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مختلف یونین کمیٹیوں میں صفائی کے انتظامات، کچرے کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

مذاکرات کی ناکامی کی ذمہ دار حکومت ہوگی، بنیادی مطالبات پر اتفاق نہ ہو سکا

حلیم عادل شیخ

عمران خان کے علاج میں ذاتی معالج کی شمولیت اور دستخط شدہ دی پر تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت کا مطالبہ مسترد، 8 اکتوبر کو سندھ بھر سے عوام صوابی پہنچیں گے

مذاکرات پاکستان کے 25 کروڑ عوام اور ملک کے سیاسی استحکام کا معاملہ تھے، تاہم حکومتی مذاکراتی کمیٹی مکمل اختیارات کی حامل نہیں تھی، صدر پی ٹی آئی سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے حکومت کو مذاکرات کی ناکامی کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے کہا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

نیو کراچی کے بلدیاتی اسکولوں کی بحالی آخری مرحلے میں داخل

عبدالستار ایدھی اور مولوی تمیز الدین اسکولوں کی بحالی آخری مرحلے میں، جلد نئے داخلوں کا آغاز کیا جائے گا

میمونہ گریٹ این جی اوز کے تعاون سے اسکولوں کو جدید تقاضوں کے مطابق بحال کیا جا رہا ہے، چیئرمین محمد یوسف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے سیکٹر E-5 میں میمونہ گریٹ این جی اوز کے تعاون سے بحال کیے جانے والے بلدیاتی اسکولوں، عبدالستار ایدھی اسکول اور مولوی تمیز الدین اسکول کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران چیئرمین نے جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا اور منصوبے کے تحت اسکولوں کی خستہ حال عمارتوں کی مرمت و تزئین و آرائش، تکمیل کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4



میونسپل کمشنر ملک مجتبیٰ ایاز نے گڈاپ ٹاؤن آفس میں اشرف بلوچ اور محمد افضل لغاری اور دیگر محکمہ جاتی افسران کیساتھ اہم اجلاس ہو رہا ہے

پیپلز بسیں غائب، چنگ چی رکشے بند، شہری خوار

سڑکوں سے پیپلز بسوں کی کمی اور غائب ہونے کے باعث شہریوں کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

شہریوں کو سستی اور باعزت سفری سہولت کب ملے گی؟ ہمارے ٹیکسوں کے پیسوں کا حساب دیا جائے: پاسبان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کراچی کے صدر عبدالحاکم قائد و سینئر رہنما حامد صدیقی نے کراچی میں پبلک ٹرانسپورٹ کے سنگین بحران پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سڑکوں سے پیپلز بسوں کی کمی اور غائب ہونے کے باعث شہریوں کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ چنگ چی رکشوں کو بھی پہلے ہی بند کیا جا چکا ہے۔ شہریوں کے لیے متبادل اور باعزت سفری سہولت موجود نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہے۔ شہری روزانہ گھنٹوں سڑکوں پر بسوں کے انتظار میں کھڑے رہنے یا مجبوری میں مہنگی ٹرانسپورٹ استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ دوسری جانب منی بسوں اور ویگنوں کی چھتوں پر بیٹھ کر سفر کرنے والے مسافر اور دروازوں کے پائیدانوں سے لٹک کر سفر کرنے والی خواتین اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں کہ کراچی کا پبلک ٹرانسپورٹ نظام شہریوں کی ضروریات پوری کرنے میں ناکام ہو چکا ہے۔



پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ انصاف ہاؤس کراچی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ایس ایم تنویر کی FPCCI صدارت کی امیدواری خوش آئند ہے

فراز الرحمن

کاروباری طبقے کے مسائل کے حل کیلئے تمام کاروباری تنظیموں اور چیمبرز کو ذاتی یا گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی معاشی مفاد میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے

ایس ایم تنویر کا صنعتی و کاروباری شعبے میں طویل تجربہ صنعت و تجارت کے مسائل کو اجاگر کرنے کا ریکارڈ انہیں ایک اہم آواز بناتا ہے، معروف بزنس مین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف بزنس رہنما اور سابق صدر کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (KATI) فراز الرحمن نے معروف صنعتکار اور بزنس رہنما ایس ایم تنویر کو FPCCI کی صدارت کے لیے امیدوار نامزد کیے جانے پر انتہائی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ ملک کی صنعت و تجارت کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ فراز الرحمن نے کہا کہ ایس ایم تنویر کا صنعتی اور کاروباری شعبے میں طویل تجربہ، عملی سوچ اور پالیسی سازی کے فورم پر صنعت و تجارت کے مسائل کو اجاگر کرنے کا ریکارڈ انہیں ایک اہم آواز بناتا ہے۔ ان کی قیادت میں پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کے دور میں متعدد صنعتی اسٹیٹس کی تکمیل اور صنعتی انفراسٹرکچر کی ترقی کو ممکن بنایا گیا، جبکہ ایک تجزیاتی رپورٹ کے مطابق ان کے دور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



خالد آرائیں بھائی کی صحت یابی اور انکی سالگرہ پر سید تحسین کمال، اسرار رحیمی نے مبارکباد پیش کی ہے

صفر لوڈشیڈنگ کیساتھ لائن مین کو بھی تحفظ دینا ہوگا، عبداللطیف نظامانی



فیڈرز کو زیرو لوڈشیڈنگ کرنے سے پہلے لائن مین ہیرو کی مشکلات کو حل کیا جائے، واپڈا کی نجکاری کے خلاف ڈٹ کر کھڑا ہو جائیں

ملازمین کے مسائل کو حل کرانا ان میں کمی لانا، غلط اقدامات اور محنت کشوں سے زیادتی کے خلاف آواز اٹھانا یونین کی ذمہ داریوں میں شامل ہے

حیدرآباد (رپورٹ غلام حسین) ملازمین کے مسائل کو حل کرانا ان میں کمی لانا، غلط اقدامات اور محنت کشوں سے زیادتی کے خلاف آواز اٹھانا یونین کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ صرف فیڈرز کی زیرو لوڈشیڈنگ سے ہرگز ہرگز کام نہیں چلے گا ۔۔۔ ان خیالات کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

کورنگی کے بعد ضلع ویسٹ کی قیادت بھی فارغ کی جائے، رانا گلزار تاج

پارٹی پالیسی کیخلاف کام کرنے والوں کیلئے کوئی رعایت نہیں ہونی چاہیے، پی ایس 120 کے جنرل سیکرٹری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ورکر اور پی ایس 120 کے جنرل سیکرٹری رانا گلزار تاج نے ضلع کورنگی کی تنظیم تحلیل کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع ویسٹ کی تنظیمی اور سیاسی صورتحال کا بھی غیر جانبدارانہ جائزہ لے کر تنظیمی تبدیلیاں کی جائیں۔ اپنے بیان میں رانا گلزار تاج نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے ضلع کورنگی کی تنظیم تحلیل کرنے کا فیصلہ درست، منصفانہ اور بروقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے یہ پیغام گیا ہے کہ پارٹی میں نظم و ضبط، شفافیت اور کارکنوں کے حقوق کے معاملات کو اہمیت دی جاتی ہے۔

پاکستان اور فلپائن کا دوطرفہ روابط اور پارلیمانی تعاون بڑھانے پر اتفاق

سینیٹر عبدالقادر اور سینیٹر وقار مہدی کی قیادت میں پاکستانی وفد کا فلپائن کا دورہ، زراعت، سیاحت اور عوامی روابط کے فروغ پر تبادلہ خیال

فریقین نے زراعت، تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، سیاحت، ثقافتی تبادلوں اور عوامی سطح پر روابط سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات پر بھی گفتگو کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اور فلپائن نے زراعت، عوامی روابط، سیاحت اور بین الپارلیمانی تعاون سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ روابط اور تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ پاکستان کے سینیٹ کا وفد سینیٹر محمد عبدالقادر اور سینیٹر سید وقار مہدی کی قیادت میں فلپائن پہنچا، جہاں وفد نے منیلا میں بین الحکومتی مالیاتی اداروں کے پہلے اجلاس میں شرکت کی۔ سینیٹ پاکستان کے مطابق وفد نے 29 ستمبر کو اجلاس میں پاکستان کے مالیاتی وفاقیت، وسائل کی منصفانہ تقسیم، موسمیاتی مالیات اور پارلیمانی نگرانی سے متعلق تجربات بھی پیش کیے۔ فلپائن کے سینیٹ کے صدر سینیٹر شردن گچالیان نے سینیٹر راجن پلیا کے ہمراہ پاکستانی وفد کا خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر فلپائن میں پاکستان کی سفیر ڈاکٹر عاصمہ ربانی بھی موجود تھیں۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون اور پارلیمانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

ڈی آئی جی ٹریفک کراچی کی اویس پراچہ کو تعریفی سند

صدر میں ٹریفک نظام، شہری سہولیات اور تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے کاوشوں کا اعتراف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک کراچی سید پیر محمد شاہ نے صدر کے تجارتی علاقوں میں ٹریفک نظام کی بہتری، شہری سہولیات اور تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے جانے والی کاوشوں پر مدینہ منی مال یونین کے آفس سیکریٹری اور آل صدر الائنس کے ایگزیکٹو ممبر اویس پراچہ کو تعریفی سند سے نوازا۔ اویس پراچہ نے تعریفی سند ملنے کو اپنے لیے باعث فخر قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ حوصلہ افزائی انہیں تاجر برادری اور صدر کے علاقے کی بہتری کیلئے مزید ذمہ داری اور جذبے کے ساتھ کام کرنے کی ترغیب دیتی ہے۔ انہوں نے ڈی آئی جی ٹریفک کراچی سید پیر محمد شاہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

پاکستان نے 16 ممالک میں گوشت کی برآمدی بنیاد قائم کر لی

سعودی عرب میں پاکستان کی گوشت اور پولٹری کی برآمدات میں 191.5 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں

سعودی عرب میں کھانے اور بچے ڈالنے کیلئے استعمال ہونے والے انڈوں سے متعلق درخواستیں بھی زیرِ غور ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) موجودہ حکومت کی موثر پالیسیوں کی بنیاد پر پاکستان نے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، اومان، ازبکستان، ایران، قطر سمیت سولہ ممالک میں گوشت کی برآمدی بنیاد قائم کر لی۔ حکومت تکنیکی، انتظامی اور دیگر بین الاقوامی منڈیوں میں رسائی بڑھانے اور نئی منڈیوں تک برآمدات کو متنوع بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق پاکستان کی موجودہ گوشت کی برآمدی منڈیوں میں قطر، افغانستان، کویت، بحرین، عمان، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، ایران، ازبکستان، مصر، ملائیشیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

چیک کلیئرنگ کا نظام تبدیل کرنے کی تیاری مکمل

فزیکل چیک کے بجائے الیکٹرانک تصویر کے ذریعے کلیئرنگ ہوگی

پاکستان ایکسپریس کلیئرنگ سسٹم کا پائلٹ مرحلہ 15 اکتوبر سے شروع ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ملک میں چیک کلیئرنگ کا نظام جدید بنانے کی تیاری مکمل کر لی، جس کے تحت فزیکل چیک کے بجائے اس کی الیکٹرانک تصویر کے ذریعے کلیئرنگ کی جائے گی۔ پاکستان ایکسپریس کلیئرنگ سسٹم کا پائلٹ مرحلہ 15 اکتوبر 2026 سے شروع ہوگا جبکہ ملک بھر میں نئے نظام کا مکمل نفاذ 30 اپریل 2027 تک کیا جائے گا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق نئے نظام کے تحت صارف کی جانب سے چیک بینک میں جمع کرانے کے بعد متعلقہ چیک اسے اسکین کر کے اس کی الیکٹرانک تصویر کلیئرنگ ہاؤس بھیجی جائے گی۔ نیشنل انسٹی ٹیوشنل فیسلیٹیشن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8



امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان صومالی قزاقوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے متوفہ کے رہائشی رفیع اللہ کے گھر جا کر ان کے والد اور اہلِ خانہ سے ملاقات و دعائے مغفرت کر رہے ہیں

محمد عاشقین خان کے ہاں بزمِ یاراں سج گئی

علم و ادب، صحافت، ثقافت اور موسیقی سے وابستہ شخصیات کی بھرپور شرکت

اسلم محمود دہلوی، اقبال قاضی، وسیم خان اور سلیم شہزاد سمیت معروف شخصیات شریک

کراچی (رپورٹ و تصاویر: محسن نقی) معروف علمی و ادبی و سماجی شخصیت جناب محمد عاشقین خان کے دولت کدے پر ایک پرخلوص بزمِ یاراں آراستہ ہوئی، جہاں علم و ادب، صحافت، ثقافت اور موسیقی سے وابستہ کہنہ مشق شخصیات نے شرکت کر کے محفل کو رونق بخشی۔ محفل میں جناب اسلم محمود دہلوی کی صورت میں علم و ادب، ثقافت کے شناسا اور صاحب ذوق شخصیت موجود تھے، جن کی گفتگو میں تہذیبی اور فکری گہرائی نمایاں رہی۔ معروف براڈکاسٹر جناب اقبال قاضی نے اپنی شگفتہ گفتاری اور نشریاتی تجربات سے گفتگو کو مزید دل آویز بنا دیا۔ معروف شوبز جرنلسٹ جناب وسیم خان نے شوبز کی دنیا کے اپنے وسیع تجربات اور دلچسپ مشاہدات سے محفل کو نئی جہت عطا کی، جبکہ معروف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

غزہ کی صورتحال، حماس کے کردار اور اسرائیلی جارحیت پر خصوصی نشست

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جامعہ کراچی کے شعبہ اسلامی تاریخ میں فلسطین کی موجودہ صورتحال، غزہ میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

حافظہ کی کمزوری کا سبب گناہوں کا ارتکاب بھی ہے، علامہ الیاس قادری

جھوٹ بولنے اور لوگوں کی دل آزاری سے بچیں، بندہ کمزور ہو سکتا ہے مگر اللہ تمام تخلیق سے طاقتور ہے

کسی کیساتھ بھلائی نہیں کر سکتے تو برائی بھی نہ کریں، فیضانِ مدینہ میں منعقدہ مدنی مذاکرے میں اظہارِ خیال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر اہلِ سنت حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے کہا ہے کہ قوتِ حافظہ اللہ پاک کی عظیم نعمت ہے، بعض لوگوں کی قوتِ حافظہ کمزور ہوتی ہے، اس کے مختلف اسباب ہو سکتے ہیں، بزرگانِ دین کے مطابق حافظے کی کمزوری کا ایک سبب گناہوں کا ارتکاب بھی ہے کیونکہ حافظہ نور ہے اور گناہ کرنے والے شخص کو نہیں ملتا، ہمارے اسلاف کے حافظے بہت طاقتور ہوتے تھے کہ وہ کتابوں کا صرف ایک مرتبہ مطالعہ کرتے اور یاد کر لیتے، بلکہ اس کا صفحہ نمبر، سطر نمبر بھی بتا دیتے اور اس میں لکھی عبارت بھی بتا دیا کرتے تھے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی میں ہونے والے مدنی مذاکرے میں شریک عاشقانِ رسول کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے جواب دیتے ہوئے کیا۔ امیر اہلِ سنت نے بھلائی سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

چیف سیکریٹری سندھ کا سیکریٹریٹ کے دفاتر کا اچانک دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے سندھ سیکریٹریٹ کے بلاک 4 بی میں مختلف سرکاری دفاتر کا اچانک دورہ کیا۔

گلشن اقبال ٹاؤن کے اسکولوں کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے، ڈاکٹر فواد

گلشن اقبال ٹاؤن کے زیرِ انتظام اسکولوں میں ریچارج ایبل بیٹری سے چلنے والے دستی پنکھے تقسیم

تعلیم کارڈ کے اجرا کے بعد، اسکولوں میں انرولمنٹ میں 100 فیصد اضافہ ہوا ہے، چیئرمین ڈاکٹر فواد احمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین گلشن اقبال ٹاؤن ڈاکٹر فواد احمد نے نشتر بستی اسکول، پی ڈبلیو ڈی کمپاؤنڈ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے طلبہ اور اساتذہ سے ملاقات کی اور گرمی کے موسم کو مدِنظر رکھتے ہوئے طلبہ میں ریچارج ایبل بیٹری سے چلنے والے پنکھے تقسیم کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین ڈاکٹر فواد احمد نے کہا کہ جب گلشن اقبال ٹاؤن کی موجودہ انتظامیہ نے اسکولوں کا چارج سنبھالا تو کئی اسکولوں کی حالت انتہائی ناگفتہ بہ تھی۔ طلبہ کے لیے فرنیچر، کلاس روم، اساتذہ کے لیے بھی بنیادی سہولیات، حتیٰ کہ واش روم تک کی مناسب سہولت دستیاب نہیں تھی۔ تاہم منتخب بلدیاتی نمائندوں، محکمہ تعلیم اور اسکول انتظامیہ کی مشترکہ کاوشوں اور ٹیم ورک کے نتیجے میں آج الحمدللہ اسکولوں کی حالت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9



معروف علمی و ادبی و سماجی شخصیت جناب محمد عاشقین خان کے ہاں بزمِ یاراں میں علم و ادب، صحافت، ثقافت اور موسیقی سے وابستہ شخصیات شریک ہیں

اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ سے ملائیشین قونصل جنرل کی ملاقات

پارلیمانی روابط، تجارت، سرمایہ کاری اور سیاحت کے فروغ پر تبادلہ خیال، سکھر، حیدرآباد میں کاروباری مواقع تلاش کرنے کی تجویز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملائیشیا کے قونصل جنرل کراچی محمد یونس بن ابراہیم نے اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ سے سندھ اسمبلی میں ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ملائیشیا کے باہمی تعلقات، پارلیمانی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت اور دوطرفہ روابط کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر سندھ اسمبلی نے ملائیشین قونصل جنرل کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22



چیئرمین گلشن اقبال ٹاؤن ڈاکٹر فواد احمد نشتر بستی اسکول کے طلبہ میں بیٹری فین تقسیم کرتے ہوئے